لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ رجب ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۲ مئی ۱۹۱۶ء	نمبر ۲۱

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱ و ۲	تقرر تعطیلات و شرکت سلامی بتقریب ولادت ائمہ علیہم السلام	۱
۲	رخصت جیلر صاحب زندان	۲
ضمیمہ	روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ	۳
؍؍	نقشہ نرخنامہ اجناس	۴

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۵ مئی ۱۹۱۶ء

مثل عرضداشت مولوی مقبول احمد صاحب باستدعائے مقرر کیے جانے تعطیلات ۱۳ رجب ولادت جناب امیر المومنین علیہ السلام و ۳ شعبان ولادت جناب امام حسین علیہ السلام و ۱۵ شعبان ولادت جناب صاحب الامر علیہ السلام و مقرر کیے جانے

اتواپ سلامی بتاریخ ۱۵ شعبان ولادت جناب صاحب الامر علیہ السلام۔

استدعا منظور ہو۔ ۱۳ رجب - ۲۰ شعبان اور ۱۵ شعبان کو تعطیل عام ہوا کرے۔ اور ۱۵ شعبان کو ۲۱ ضرب شلک سلامی سر ہوا کرے۔ اس سال کے نقشہ تعطیلات میں ہر سہ تعطیلات ایزاد کر لیجائیں اور آئندہ ہر سال کے نقشہ میں درج ہوا کریں۔ کرنیل صاحب بہادر چیف آف دی اسٹاف ۱۵ شعبان کو ہر سال سلامی سر ہونیکا اسٹینڈنگ آرڈر جاری کر دیں۔ احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

نقل حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

حسب صدور منظوری اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم حکم رخصت پندرہ یوم عبدالرحمن خان جیلر زندان تاریخ استفادہ سے منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں صاحبزادہ سید ولی مظفر خان صاحب بہادر اسپیشل مجسٹریٹ انچارج جیلر مقرر کئے گئے وہ شل جیلر صاحب کے علاوہ وقت کچہری باقی وقت شب و روز کا جیل کی نگرانی میں صرف کرینگے اور جیل پر ہی شب کو رہیں گے۔ اس غیر معمولی کام کی بابت اسپیشل مجسٹریٹ صاحب کو پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس عطا ہوگا۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۴ لغایت ۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ار		۱۰ ار و ۱۰ ار	۱۰ ۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
نخود خالص	۱۱ ار		۱۲ ۰ ار	۱۲ ار	۱۲ ۰ ار	۱۲ ار	
نخود کسہ آمیز	۱۲ ار		۱۳ ار	۱۲ ۰ ار	۱۲ ۰ ار	۱۳ ار	
کسہ	۰		۱۳ ار	۱۲ ۰ ار	۱۳ ار	۱۳ ۰ ار	
ماش	۸ ار		۷ ار	۷ ۰ ار	۸ ار	۷ ۰ ار	
مونگ	۷ ۰ ار		۷ ۰ ار	۰	۸ ار	۸ ۰ ار	
مکا	۱۵ ۰ ار		۱۶ ار	۱۷ ۰ ار	۱۶ ار	۱۷ ار	
جئی	۱۳ ۰ ار		۱۴ ار	۱۲ ۰ ار	۱۴ ۰ ار	۱۴ ۰ ار	
گوجئی	۰	۰	۱۲ ار و ۱۳ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	
مسور	۹ ار		۱۰ ار	۹ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	
ارہر	۱۱ ار	۰	۱۱ ار	۰	۸ ار	۱۰ ار	
برنج	۵ ار		۶ ۰ ار و ۵ ار	۶ ار	۶ ۰ ار	۶ ۰ ار	
روغن زرد	۰ ار ار		۰ ار	۰ ار	۰ ار ار	۰ ار ار	
روغن سیاہ	۲ ار		۲ ۰ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ۰	
روغن کنجد	۲ ار		۲ ار	۲ ۰ ار	۱ ۰ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۱۱ ار		۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	
نمک لاہوری	۹ ار	۰	۱۱ ار	۸ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	
آرد سیاہ	۵ ۰ ار		۵ ار	۵ ار	۵ ار	۶ ار	
باجرہ	۱۱ ار		۱۲ ار	۰	۱۲ ار	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ من ابتدائے ۱۱ اپریل ۱۹۱۶ء
جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر پریزیڈنٹ کمیٹی

ممبران جلسہ شرکا ملازمین

۱ - خان بہادر سید رضا حسین صاحب بہادر — مجسٹریٹ ضلع
۲ - صاحبزادہ سید فدا علیخان صاحب بہادر — میونسپل افسر
۳ - صاحب اسسٹنٹ سرجن بہادر — ڈاکٹر
۴ - صاحبزادہ سید ولی مظفر خانصاحب بہادر — اسپیشل مجسٹریٹ
۵ - منشی بھگت بہاری لال صاحب — میر منشی
۶ - پنڈت ڈوری لال صاحب — بخشی فوج
۷ - مولوی محمد فرحت صاحب
۸ - عزیز اللہ خان صاحب

ممبران شرکا جلسہ غیر ملازمین

۱ - مرزا محمد احسن صاحب — وکیل
۲ - لالہ ہرنام سنگھ صاحب
۳ - لالہ بنارسی داس صاحب
۴ - ایوب شاہ خان صاحب
۵ - مولوی عبدالحمید صاحب
۶ - لالہ جانکی پرشاد صاحب
۷ - لالہ بھگوانداس صاحب
۸ - لالہ سالگرام صاحب
۹ - لالہ رام کنوار صاحب
۱۰ - محمد حنیف خانصاحب تاجر
۱۱ - صاحبزادہ سید گن خان صاحب بہادر

رپورٹ تصفیہ طلب

۱ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید پختہ نالی و مرمت کھرنجہ قدیم بوسیدہ کھرنجہ متصل معہ مرمت و تیاری نالی از سر نو و بھرائی مٹی زیر کھرنجہ جدید مع تیاری پلیہ وغیرہ تعدادی [illegible]

۲ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید پختہ نالی و مرمت کھرنجہ واقع محلہ کٹ کونیا گیر خرافت خان تعدادی [illegible] حسب درخواست محمد یار خان و مہدی خان وغیرہ محلہ داران۔

۳ - تخمینہ تیاری کھرنجہ جدید واقع محلہ لال مسجد متصل زیارت میان سبحان [illegible] تعدادی [illegible] بموجب روبکار محکمہ عالیہ دارالانشاء

تجویزات کمیٹی

تخمینہ ہذا آج کمیٹی میونسپل میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام ضروری ہے بغرض منظوری اجلاس ہمایون اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم میں ارسال کیا جائے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام غیر ضروری ہے سال آئندہ میں اگر روپیہ بچا تو لحاظ کیا جائیگا خارج ہو کر داخل دفتر ہو۔

تخمینہ ہذا جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر موقع ملاحظہ فرمائیں اسکے بعد کوئی تجویز کیجائیگی

۴ - تخمینہ بابت تعمیر نالی پختہ و مرمت کھرنجہ بوسیدہ پرانا گنج محلہ بانجھ پورہ تعدادی ... حسب درخواست گوپال و نند رام و دیگر کار گذاران محکمہ عالیہ دار الانشاء

۵ - تخمینہ تیاری کھرنجہ جدید سڑک نالہ متصل دکان قمر الدین خان حسب درخواست نظیر خان و غلام محی الدین خان وغیرہ تعدادی ...

۶ - تخمینہ بابت مرمت و درستی سڑک نالہ پار متصل چوپال حضرت نور خان حسب درخواست نظام الدین خان و مظفر خان وغیرہ تخمینہ مرتب شدہ محکمہ انجنیری تعدادی ...

۷ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ نالی پختہ نسترخانہ تھانہ بذریعہ فتح علیخان حسب درخواست وزیر محمد خان وغیرہ محلہ داران تعدادی ...

۸ - تخمینہ بابت تیاری نالی پختہ گھیر تا غیرت متصل مکان مولوی ہدایت رسول صاحب واقع تھانہ پیلا تالاب تعدادی ... حسب درخواست علی شاہ خان و امتیاز بیگم وغیرہ

۹ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ و نالی جدید و کھدائی کھرنجہ و نالی قدیم محلہ مجددیہ ہمت خان واقع تھانہ پیلا تالاب حسب رپورٹ اختر الدین جمعدار حلقہ تعدادی ...

۱۰ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ و نالی متصل زیارت میاں امیر شاہ صاحب محلہ جھنڈا بڑے پیر صاحب واقع تھانہ پیلا تالاب حسب درخواست نجف علیخان و سعادت علیخان وغیرہ محلہ داران تعدادی ...

۱۱ - تخمینہ بابت تیاری و بلند کرائی کھرنجہ متصل پل پختہ و مسجد عبد الرحیم خان واقع تھانہ پیلا تالاب حسب درخواست محمد حسین بیگ وغیرہ محلہ داران تعدادی ...

۱۲ - تخمینہ مرمت و تیاری دیوار ہائے نارول کلاں متصل جھنڈا بڑے پیر صاحب واقع تھانہ پیلا تالاب تعدادی ...

۱۳ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید واقع محلہ جھنڈا بڑے پیر صاحب

تخمینہ ہذا جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر موقع ملاحظہ فرمالین اسکے بعد کوئی تجویز ہونا چاہیے۔

آج تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ اول جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر موقع ملاحظہ فرمالین اسکے بعد کوئی تجویز ہونا چاہیے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام غیر ضروری ہے اور بیرون شہر ہے اول اندرون شہر کی تعمیر و کام ہونا ضروری ہے اگر سال آئندہ مین روپیہ بچا تو لحاظ کیا جائیگا خارج ہوکر داخل دفتر کیا جائے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ صاحب میونسپل افسر موقع کا معائنہ کرکے مفصل واقعات تحریر کرین اسکے بعد تجویز کیجائے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر موقع ملاحظہ فرمالین اسکے بعد تجویز ہونا چاہیے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام غیر ضروری ہے اول ضروری کام ہونا چاہیے سال آئندہ مین اگر روپیہ بچا تو لحاظ کیا جائیگا خارج ہوکر داخل دفتر ہو۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ مرزا محمد احسن صاحب ممبر حلقہ معائنہ فرماکر میعاد ایک یوم ضروری واقعات تحریر کرین اوسکے بعد کوئی تجویز کیجائیگی۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ بعد تیاری واپس صاحب ممبر حلقہ اس موقعہ کا معائنہ کرکے مفصل واقعات تحریر کرین اوسکے بعد کوئی تجویز ہوگی۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ مرزا محمد احسن صاحب ممبر حلقہ بمیعاد ایک یوم موقعہ کا معائنہ فرماکر مفصل واقعات تحریر کرین

تخمینہ ہذا جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی

از پلیہ نالہ متصل باغچہ چھوٹے میان ماقبل کھرنجہ قصائی خانہ متصل مسجد پیلا تالاب حسب درخواست غلام عباس خان ونیاز علیخان وغیرہ تعدادی ۱۲ عہ

۱۴- تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید کونچہ غیر نافذہ متصل کاروان سرائے واقع تھانہ گنج حسب درخواست مولوی انعام اللہ وغیرہ تعدادی ۱۲ عہ

۱۵- تخمینہ بابت لگانے ڈاٹ از سر نو پلیہ متصل فیلخانہ سرکاری راستہ تالاب کیلہ والا تعدادی ۱۲ عہ

۱۶- تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ ونالی جدید کوچہ سیف الدین خان متصل انگوری باغ واقع تھانہ رزڑ حسب درخواست فتح علیخان وبہورا خان وغیرہ محلہ داران تعدادی عا۔

۱۷- تخمینہ بابت مرمت چہ منزل پلیہ ہائے متفرق واقع تھانہ گنج تعدادی سے ر

۱۸- تخمینہ بابت مرمت پلیہ متصل زینہ عنایت خان راستہ تھانہ گنج متصل قبرستان تعدادی للعہ۔

۱۹- تخمینہ بابت مرمت پلیہ زینہ عنایت خان بر سڑک جدید پختہ راجدوارہ تعدادی عہ

۲۰- تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید متصل زیارت ڈب خوردہ وسڑک پختہ راجدوارہ واقع تھانہ گنج حسب درخواست لال بہاری لال وشجاعت حسین خان وغیرہ تعدادی ماعہ

۲۱- تخمینہ بابت مرمت پلیہ نینگ نجف علی گھیر جدید وباغ کندہ والا تعدادی صہ

۲۲- تخمینہ بابت مرمت پلیہ متصل عیدگاہ واقع سڑک چکر تعدادی عہ

کہ مرزا محمد احسن صاحب ممبر حلقہ معائنہ موقع فرماکر مفصل واقعات تحریر کرین اوسکے بعد تجویز کیجاویگی۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام غیر ضروری ہے اول ضروری کام تعمیر ہونا چاہیے اگر روپیہ بچا تو سال آیندہ مین لحاظ کیا جاویگا خارج ہوکر داخل دفتر کیا جاے

آج یہ تخمینہ جنرل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ مولوی محمد یعقوب ممبر حلقہ موقعہ کا معائنہ فرماکر مفصل واقعات تحریر کرین اوسکے بعد تجویز کیجاویگی۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ غیر ضروری ہے اول ضروری کام تعمیر ہونا چاہیے اگر سال آیندہ مین روپیہ بچا تو لحاظ کیا جاویگا خارج ہوکر داخل دفتر ہو۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رای پاس ہوئی کہ اس تخمینہ کی منظوری ہونا چاہیے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رای پاس ہوئی کہ اس تخمینہ کی منظوری ہونا چاہیے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رای پاس ہوئی کہ ضروری مرمت کی منظوری ہونا چاہیے

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رای پاس ہوئی کہ جناب بخشی صاحب فوج ممبر حلقہ موقعہ کا ملاحظہ فرماکر مفصل واقعات تحریر فرمائین اوسکے بعد تجویز کیجاویگی۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رای پاس ہوئی کہ جناب سید نجف علی خانصاحب ممبر حلقہ موقعہ کا معائنہ فرماکر مفصل واقعات تحریر فرمائین اسکے بعد تجویز کیجاویگی

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی مین پیش ہوکر بالاتفاق یہ رای پاس ہوئی کہ ضروری مرمت کی منظوری دیجاوی شیکہ دس روپیہ تک کے متعلق صاحب میونسپل افسر کی تحریر پر فوراً منظوری دیدیجایا کری میونسپل کمیٹی مین ضروری ایسے کام پیش کرنیکی ضرورت نہین ہے۔

۲۳ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید از سڑک پختہ شاہ آباد دروازہ تا کھرنجہ کنندہ کوچہ نانندہ متصل مکان مولوی محمد یعقوب صاحب حسب درخواست عنبر شاہ و حبیب خان وغیرہ محلہ داران تعدادی للعہ	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ نقشہ موقع شامل نہیں باقاعدہ لیول ہوکر نقشہ شامل کیا جاوے اور آیندہ ہر تخمینہ کیساتھ نقشہ بھی ضروری شامل ہونا چاہیے
۲۴ - تخمینہ بابتہ تیاری و بلند کرائی کھرنجہ زیر کوٹھی بدھو خاں تا مکان صاحبزادہ سید حسین صاحب بہادر واقع تھانہ کنڈہ تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ زینہ عنایت خان والی سڑک کی طرف نکاس آب ٹھیک نہیں ہوتا ہی جو کھرنجہ صاحبزادہ سید احمد رضا خان صاحب کے مکان کو جاکر منجملہ سابق ملحقہ تعمیر شدہ کے مکان پر نکل گیا ہی وہانتک باقاعدہ لیول ہوکر مع نقشہ کے پیش ہونا چاہیے اوس کے بعد کوئی تجویز کیجائیگی۔
۲۵ - تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ مع نالی و تیاری کھرنگ چاہ شور واقع محلہ تھانہ کنڈہ حسب درخواست بانکے لال و سیحو مداس وغیرہ محلہ داران تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر یہ تجویز پاس ہوئی کہ فی الحال اتنا روپیہ بجٹ میونسپلٹی میں نہیں ہی امسال کھرنجہ کی تعمیر ملتوی رہی صرف پلیہ و کھرنگ کا کام ہونا چاہیے جو بہت ضروری ہی ترتیب تخمینہ کے لیے کاغذات سب اوورسیر میونسپلٹی کے سپرد کئے جائیں۔
۲۶ - تخمینہ بابتہ تیاری کھرنجہ و نالی بعد یدہ گھیر صابت خان بریلی دروازہ واقع تھانہ گوجر ٹولہ حسب درخواست نادر شاہجہان و ضامن شاہجہان وغیرہ محلہ داران تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حمید اللہ خان صاحب ممبر حلقہ موقع کا معائنہ فرماکر مفصل واقعات تحریر کریں اوسکے بعد تجویز کیجائیگی۔
۲۷ - تخمینہ بابت مرمت پلیہ سڑک لین سواران پولیس متصل پل کلاں سڑک چکر تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ ضروری کام ہی منظوری دیجاوے۔
۲۸ - تخمینہ بابتہ مرمت تین پلیہ ہائے واقعہ گوجر ٹولہ متعلقہ بریلی دروازہ تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ ضروری کام ہی منظوری دیجائے۔
۲۹ - تخمینہ بابتہ مرمت پلیہ متصل مسجد صادق علیخان مع تیاری نالہ و پل پختہ از سر نو واقع بریلی دروازہ تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ فرزند محمد جانی خان صاحب ممبر حلقہ موقع کا ملاحظہ فرماکر مفصل واقعات تحریر کریں اوسکے بعد تجویز ہوگی۔
۳۰ - تخمینہ بابت مرمت پلیہ کھرنجہ سڑک لین سواران تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ ضروری کام ہی منظوری ہونا چاہیے۔
۳۱ - تخمینہ بابت مرمت پلیہ متصل مکان کرامت اللہ خاں صاحب تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ضروری کام ہی منظوری دیجائے۔
۳۲ - تخمینہ بابت مرمت پل کلاں سڑک چکر متصل لین سواران تعدادی [amount]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ ضروری کام ہی منظوری دیجائے۔

۳۳- تخمینہ بابتہ مرمت پلیہ نالہ اشد آلاونز صاحب عقب فیلخانہ تعدادی [illegible]

۳۴- تخمینہ بابت مرمت پل سڑک چکر وقع تھانہ گوجر ٹولہ تعدادی [illegible]

۳۵- تخمینہ پختہ گٹہا متصل بلیداران سڑک شاہ آباد دروازہ حسب حکم عالیہ دارالانشاء تعدادی [illegible]

۳۶- تخمینہ بابتہ مرمت پلیہ متصل زیارت ٹاٹ شاہ میان تعدادی [illegible]

۳۷- تخمینہ مرمت پلیہ متصل باغ عبداللہ خان زیر فیلخانہ تعدادی [illegible]

۳۸- تخمینہ بابت مرمت پلیہ متصل تال آب چاہان محلہ بریلی دروازہ تعدادی [illegible]

۳۹- تخمینہ بابت مرمت پلیہ متصل چاہان پہاڑیہ دروازہ تعدادی [illegible]

۴۰- تخمینہ تیاری کہرنجہ و نالی متصل مکان مولوی محمد یعقوب وکیل حسب درخواست محمد یعقوب وکیل سرکار تعدادی [illegible]

۴۱- تخمینہ بابت مرمت پلیہ متصل مسجد جراحان محلہ بریلی دروازہ تعدادی [illegible]

۴۲- تخمینہ بابت مرمت پلیہ و نالی متصل مسجد جراحان محلہ بریلی دروازہ تعدادی [illegible]

۴۳- تخمینہ بابت مرمت پل کلان دو در متصل عیدگاہ سڑک چکر تعدادی [illegible]

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ضروری کام ہی منظوری دیجاوے وقتاً میونسپل افسر کی تحریک کرنے پر کہ چھوٹے چھوٹے کام [illegible] نہیں بنائیں گے یہ کام امانی میں کرائے جائیں در ممبر صاحبان کو اپنی نگرانی میں تعمیر کرا کے ذمہ دار بنا دیا جائے بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ بسلسلہ [illegible] کام سپرنٹنڈنٹوں کی معرفت امانی میں بنوائے جائیں اور انکو بھی ذمہ دار بنایا جائے اگر سپرنٹنڈنٹوں کی کوئی بددیانتی ثابت ہو تو باقاعدہ کارروائی کیجائیگی اور برخاست کر دیئے جائیں گے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ضروری کام ہی منظوری دیجائے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر یہ رائے بالاتفاق تجویز ہوئی کہ مرزا محمد احسن ممبر حلقہ موقعہ کا معائنہ فرما کر مفصل واقعات تحریر فرمائیں اوسکے بعد تجویز کیجائیگی

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ ضروری کام ہی منظور ہو جائے

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب [illegible] میونسپل افسر موقعہ کا معائنہ کر کے مفصل واقعات تحریر کریں اوسکے بعد تجویز ہوگی

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر یہ تجویز بالاتفاق قرار پائی کہ فرزند محمد خان صاحب ممبر حلقہ موقعہ کا معائنہ فرما کر مفصل واقعات تحریر کریں اوسکے بعد تجویز کیجائیگی

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام ضروری ہے اول ضرور یہ کام تجویز ہو جائے سال آئندہ میں اگر روپیہ بچا تو نکالا جائیگا خارج ہو کر واخل [illegible] ہو

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ اگر اول اس کام کا کوئی تخمینہ مرتب ہوا ہو تو اسکے شمول میں پیش ہو نقشہ موقعہ بھی شامل کیا جائے اوسکے بعد کوئی تجویز کیجائیگی۔

آج یہ تخمینہ میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر یہ تجویز بالاتفاق پاس ہوئی کہ ضروری کام ہی منظور کیا جائے

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ ضروری کام منظور کیا جائے

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ صاحبزادہ سید [illegible] خان صاحب موقعہ کا معائنہ فرما کر مفصل واقعات تحریر فرمائیں اوسکے بعد تجویز کیجائیگی۔